Pakistan Tehreek-e-Insaf
Central Media Department

پاکستان تحریک انصاف کی کور کمیٹی کے اجلاس کا اعلامیہ

29 اگست 2023

- نااہل، نالائق اور بند دروازوں کی سازشوں کے ذریعے اقتدار پر مسلّط ہو کر بدترین مہنگائی کے ذریعے عوام کے معاشی قتلِ عام میں مصروف قوّتوں کیخلاف مزاحمت کا معاملہ
- پاکستان تحریک انصاف کا بدترین مہنگائی اور بجلی کے ناقابلِ ادائیگی بِلّوں کیخلاف ملک بھر میں جاری احتجاج کی بھرپور تائید کا اعلان
- کارکنان اور ذمہ داران کو مکمل تیاری کے ساتھ ملک بھر میں پُرامن عوامی احتجاج میں شرکت کی ہدایت
- دستور و قانون حکمرانوں کو شہریوں کا خون چوسنے اور ان کی کھال ادھیڑنے کا قطعاً حق نہیں دیتے۔
- ملک و قوم پر اس تباہی کے دروازے 16 ماہ قبل وزیراعظم عمران خان کی منتخب جمہوری حکومت کیخلاف غیر جمہوری قوتوں کے شرمناک حملے کے ذریعے کھولے گئے۔
- عالمی وباء، تیل کی منڈی میں نہایت بلند قیمتوں اور آئی ایم ایف پروگرام کے باوجود عمران خان عوام کو مہنگائی، معیشت کو تباہی سے کامیابی سے بچائے ہوئے تھے۔
- عمران خان کیخلاف سازش رچائی گئی تو پٹرول 150 روپے فی لیٹر جبکہ بجلی 16 روپے فی یونٹ میں عوام کو مہیّا کی جارہی تھی۔
- اپنے دورِ حکومت میں عمران خان نے توانائی میں خودکفالت کیلئے پن بجلی کے دس بڑے منصوبوں پر کام کا آغاز کروایا۔
- مہنگے ترین ایندھن سے چلنے والے آئی پی پیز سے کئے گئے بیہودہ معاہدوں کی شرائط آزاد سرِ نو مرتب کر کے مالی نقصان کو کم از کم کرنے کی کوشش کی گئی۔

- توانائی کے شعبے کی مجموعی اصلاحِ کار کو توجہ کا محور بنایا گیا اور قومی پیداوار کے پیشِ نظر صنعت وزراعت کو رعایتی نرخوں پر بجلی کی بلا تعطّل فراہمی کا اہتمام کیا گیا۔
- غریب اور نادار آبادی کو بطورِ خاص مہنگائی سے بچانے کیلیئے وافر مالی اعانت اور سبسڈیز کا بندوبست کیا گیا۔
- آئین اور جمہوریت کو جوتے کی نوک پر رکھ کر ملک مجرموں کے حوالے کرنے والے ظالموں نے نشاندہی کے باوجود عوام کی زندگیوں سے کھلواڑ کا سلسلہ جاری رکھا۔
- ان سولہ ماہ کی حماقتیں آج ایک عذاب کیصورت میں عوام سے زندگی ومعاش کے بنیادی حقوق چھین رہی ہیں۔
- بیہودہ عدالتی کارروائیوں کے ذریعے قید میں ڈال کر عوام کو چیئرمین تحریک انصاف کی صورت میں گو نحیف تنہا مگر توانا آواز سے بھی محروم کردیا گیا ہے۔
- تحریک انصاف کے کارکنان اور ذمہ داران تمام تر ریاستی جبر کے باوجود عوام کی ترجمانی کا فریضہ سرانجام دیں گے۔
- کارکنان اور ذمہ داران بھرپور انداز میں مہنگائی و بجلی کے ناقابلِ ادائیگی بِلّوں کیخلاف احتجاج میں شریک ہوں اور پرامن انداز میں عوام کی آواز بنیں۔
- نگران حکومت تباہی میں شدّت پیدا کرنے کی بجائے اپنی پوری توجہ انتخابات کے بلاتاخیر انعقاد اور فیصلہ سازی کی منتخب جمہوری حکومت کو منتقلی پر مرکوز کرے۔
- سازشوں کے جال بُننے کی بجائے جمہوریت اور عوام کے ووٹ کے حق کو فیصلہ کن تسلیم کیا جائے اور نوّے روز کی آئینی مدت میں صاف، شفاف انتخابات کے انعقاد کا اعلان اور اہتمام کیا جائے۔
- عمران خان کی قیادت میں تحریک انصاف ملک وملت کو مہنگائی وتباہی کی دلدل سے نکال کر استحکام وترقی کی راہ پر ڈالنے کی صلاحیت اور عزم سے لیس ہے۔

---پاکستان تحریک انصاف کور کمیٹی

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ